سبق:16

# روپوں پیسوں کا حساب

ہم نچلے درجے میں مختلف قسم کے سکے اور نوٹ کی جانکاری حاصل کر چکے ہیں۔ روز مرہ کی چیزوں کی خرید وفروخت میں بھی ان کا استعمال کرتے ہیں اور کچھ زیادہ قیمت کے سکوں اور نوٹوں کو پہچانیں۔



اب سکہ اور نوٹوں کی کل قیمت معلوم کیجیے:

| کل قیمت | سکہ / نوٹ |
|---|---|
|  | |
|  | |
|  | |
|  | |
|  | |
|  | |
|  | |
|  | |
|  | |
|  | |

## کیاتمہیں یاد ہے:

- ایک روپے = 100 پیسہ
- روپے اور پیسہ دونوں کی مقدار کو لکھتے وقت درمیان میں ایک نقطہ (.) دیا جاتا ہے۔
  جیسے 11 روپے 25 پیسے کو 11.25 روپے لکھا جاتا ہے۔

☞ دفتر کے ملازمین ایک ماہ کی تنخواہ کے روپے کی مقدار کو نیچے کے ٹیبل میں دیا گیا ہے۔ ہر ایک کو تنخواہ دینے کے واسطے کن نوٹوں اور سکوں کی ضرورت پڑے گی لکھیے:

| ملازموں کے نام | مقدار تنخواہ | کس نوٹ یا سکے کی کتنی ضرورت ہے |
|---|---|---|
| نہار | 9650 | |
| مہیر | 6385 | |
| توسار | 5283 | |
| محبوبہ | 8535 | |
| سلیم | 7300 | |
| راجندر سنگھ | 6000 | |

☞ تمہارا لکھا ہوا جواب تمہارے دوست کے ساتھ برابر ہے کیا؟ جواب الگ کیوں ہوا؟ بائیں طرف کے نوٹ کی قیمت دائیں طرف کے جن نوٹوں کے ساتھ برابر ہے لکیر کے ذریعے جوڑیئے۔



| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Rs.100 | Rs.100 | Rs.100 | Rs.100 | Rs.100 | | | |
| Rs.100 | Rs.100 | Rs.100 | Rs.100 | Rs.50 | | | |
| Rs.100 | Rs.100 | Rs.100 | Rs.50 | Rs.50 | | | |
| Rs.100 | Rs.100 | Rs.50 | Rs.50 | Rs.50 | Rs.50 | Rs.50 | Rs.50 |
| Rs.100 | Rs.50 | Rs.20 | Rs.10 | Rs.5 | Rs.2 | Rs.1 | |

☜ بائیں طرف کے نوٹ کی قیمت کے ساتھ دائیں طرف کے جن نوٹوں کی قیمت کے ساتھ برابر ہے اس کو لکیر کھینچ کر جوڑیئے۔



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Rs.500 | Rs.500 | | |
| Rs.500 | Rs.100 | Rs.100 | Rs.100 | Rs.50 | Rs.50 |
| Rs.500 | Rs.100 | Rs.100 | Rs.100 | Rs.100 | Rs.100 |
| Rs.500 | Rs.100 | Rs.50 | Rs.20 | Rs.10 | Rs.5 |
| Rs.500 | Rs.100 | Rs.100 | Rs.100 | Rs.50 | Rs.50 |

☜ خالی جگہوں کو پر کیجیے:

1000 روپے والا نوٹ = ............عدد 50 کا نوٹ
= ............عدد 10 کا نوٹ
= ............عدد 5 کا نوٹ
= ............عدد 2 کا نوٹ

500 روپے والا نوٹ = ............عدد 1000 کا نوٹ
= ............عدد 50 کا نوٹ
= ............عدد 20 کا نوٹ
= ............عدد 10 کا نوٹ
= ............عدد 5 کا نوٹ

1000 روپے والا نوٹ = ............عدد 500 کا نوٹ
= ............عدد 100 کا نوٹ
= ............عدد 50 کا نوٹ
= ............عدد 20 کا نوٹ
= ............عدد 10 کا نوٹ
= ............عدد 5 کا نوٹ

☜ مختلف پھلوں کی قیمت پڑھ کر سوالوں کے جواب دیجیے:

کیلے کی ٹوکری



450 روپے

سیب کا ٹوکرا



375 روپے

سنترہ کا ٹوکرا



320 روپے

شریفہ کا ٹوکرا



280 روپے

امرود کا ٹوکرا



145 روپے

(i) سیب اور سنترہ کی ٹوکریوں کی قیمت ملا کر کتنی ہوگی؟

(ii) کیلے اور شریفے کی ٹوکریوں کی قیمت ملا کر کتنی ہوگی؟

(iii) سیب اور امرود کی ٹوکریوں کی قیمت ملا کر کتنی ہوگی؟

(iv) سنترہ اور کیلے کی ٹوکریوں کی قیمت ملا کر کتنی ہوگی؟

(v) سیب، سنترہ اور امرود کی ٹوکریوں کی قیمت ملا کر کتنی ہوگی؟

نیچے سبزیوں کی قیمت پڑھ کر سوالوں کے جواب تحریر کیجیے:

| گوبھی | بند گوبھی | کچا کیلا | پپیتا |
|---|---|---|---|
|  |  |  |  |
| 35.35 روپے | 20.00 روپے | 40.00 روپے | 15.50 روپے |

(i) گوبھی کی قیمت بند گوبھی کی قیمت سے کتنی زیادہ ہے؟

(ii) پپیتے کی قیمت پھول گوبھی کی قیمت سے کتنی کم ہے؟

(iii) کیلے کی قیمت گوبھی کی قیمت سے کتنی زیادہ ہے؟

- آیئے روپوں کو پیسہ اور پیسوں کو روپے میں تبدیل کریں:

ہمیں معلوم ہے 1 روپیہ = 100 پیسہ

2 روپیہ = .......... پیسہ

5 روپیہ = .......... پیسہ

7 روپیہ = .......... پیسہ

11 روپیہ = .......... پیسہ

ہمیں معلوم ہوا:

روپیہ کو پیسے میں بدلتے وقت 100 ضرب کرنا پڑتا ہے یا روپیہ کے دائیں طرف دو صفر (00) لکھنا پڑتا ہے۔

مثال: 1



1 روپیہ 50 پیسے = 100 پیسہ + 50 پیسہ

= 150 پیسہ



مثال 2: 5 روپیہ 25 پیسے کو پیسوں میں تبدیل کیجیے:

حل: 1 روپیہ = 100 پیسے

5 روپیہ = 500 پیسے

5 روپیہ 25 پیسے = 500 پیسے + 25 پیسے = 525 پیسے

خالی جگہوں کو پر کیجیے:

(i) 2.75 روپے = ………… پیسے + ………… پیسے = ………… پیسے

(ii) 8.60 روپے = ………… پیسے + ………… پیسے = ………… پیسے

(iii) 12.80 روپے = ………… پیسے + ………… پیسے = ………… پیسے

• اب پیسوں میں دی گئی مقدار کو پیسوں میں تبدیل کرنے کا طریقہ معلوم کریں:

مثال 3: 425 پیسوں کو روپوں میں تبدیل کریں۔

حل: 425 پیسے = 400 پیسے + 25 پیسے

= 4 روپے + 25 پیسے یا 4.25 روپے۔

مثال 4: 1050 پیسوں کو روپوں میں تبدیل کریں۔

حل: 1050 پیسے = 1000 پیسے + 50 پیسے

= 10 روپے + 50 پیسے یا 10.50 روپے۔

جواب لکھیے:

(i) 1000 پیسے = ………… روپے

(ii) 570 پیسے = ………… پیسے + ………… پیسے

= ………… پیسے + ………… روپے

= ………….………… روپیہ

(iii) 905 پیسے = ………… پیسے + ………… پیسے

= ………… پیسے + ………… روپے

= ………….………… روپیہ

پیسے میں دی گئی مقدار کو کس طرح روپیہ میں تبدیل کیا جاتا ہے لکھیے :

ہم نے سیکھا:

پیسے کو روپے میں تبدیل کرتے وقت دائیں طرف سے 2 ہندسے چھوڑ کر نقطہ دیا جاتا ہے۔

روپیوں اور پیسوں کی جمع:

باپی دوکان سے 28 روپے 40 پیسوں کا آلو اور 32 روپے 50 پیسوں کا پیاز لایا۔ اس نے کل کتنے روپیوں کا سامان خریدا؟

یہاں آلو اور پیاز کی قیمت جاننے کے لیے ہمیں 28.40 روپیہ اور 32.50 روپیہ کو جمع کرنا ہوگا۔ اس کو کس طرح جمع کیا جاییے گا۔

آیئے دیکھیں:

پہلا طریقہ:

آلو کی قیمت = 28 روپے 40 پیسے

پیاز کی قیمت = 32 روپے 50 پیسے

28 روپے 40 پیسے = 2840 پیسے

32 روپے 50 پیسے = 3250 پیسے

کل قیمت = 2840 پیسے + 3250 پیسے

= 6090 پیسے

= 60.90 روپے

دوسرا طریقہ:

آلو کی قیمت = 28.40 روپے

پیاز کی قیمت = 32.50 روپے

کل قیمت = 60.90 روپے

دونوں طریقوں میں جواب برابر آیا مگر بتائیے کہ دونوں طریقوں میں کیا فرق ہے؟

غور کیجیے: پہلے طریقہ میں دونوں قیمت کو پیسوں میں تبدیل کر کے جمع کیا گیا ہے۔ اور حل ہوئے پیسوں کو روپیوں میں تبدیل کیا گیا ہے۔ لیکن دوسرے طریقہ میں دونوں کی قیمت کو ایک دوسرے کے نیچے لکھ کر جمع کر کے جواب حاصل کیا گیا ہے۔ ان دونوں طریقوں میں سے کون طریقہ تمہیں اچھا لگتا ہے اور کیوں؟

خود کیجیے:

فاطمہ نے 46 روپے 60 پیسے لے کر ایک جیومیٹری بکس خریدا اور 40 روپے 30 پیسے دے کر ایک رنگ کا برش خریدا۔ دونوں چیزیں خریدنے پر اس کے کل کتنے روپے خرچ ہوئے؟

روپے پیسے کی تفریق:

مثال: 95.50 روپے - 70.85 روپے = ؟

پہلا طریقہ:

95.50 روپے = 9550 پیسے

− 70.85 روپے = 7085 پیسے

2465 پیسے

2465 پیسے = 24.65 روپے

دوسرا طریقہ:

| روپے | پیسے |
|---|---|
| 95 | 50 |
| 70 | 85 |
| 24 | 65 |

دونوں طریقوں کی تفریق کو غور سے دیکھیں تو دونوں میں کیا فرق ہے بتائیے:

ریٹ چارٹ کی تیاری:

آپ کے گاؤں کے ڈاک خانے کو جا کر پوسٹ کارڈ، ان لینڈ لیٹر، اور لفافے کی قیمت پوچھ کر لکھیے۔

ایک پوسٹ کارڈ کی قیمت کیا ہے؟ ....................................

ایک ان لینڈ لیٹر کی قیمت کیا ہے؟ ....................................

ایک لفافے کی قیمت کیا ہے؟ ....................................

| چیزوں کے نام | قیمت |
|---|---|
| پوسٹ کارڈ | 0.50 روپے |
| ان لینڈ لیٹر | 2.50 روپے |
| لفافے | 5.00 روپے |

غور کیجیے ایک پوسٹ کارڈ کی قیمت 50 پیسے ہے۔ اسے پوسٹ کارڈ کی ریٹ کہتے ہیں۔ اگر 4 پوسٹ کارڈ خریدنا ہو تو 2 روپے دینا ہوگا۔ یہاں 2 روپے 4 پوسٹ کارڈ کے دام ہوئے۔ اسی طرح ان لینڈ لیٹر کی قیمت 2.50 روپے ہوئی۔ 2 ان لینڈ لیٹر خریدنے پر 5 روپے دینے پڑیں گے۔ یہ اسکا دام یا اس کی قیمت ہے۔

میتا آپ کی طرح چوتھی جماعت مین پڑھتی ہے۔ایک بار والد کے ساتھ دوکان سودا خریدنے گئی۔جن چیزوں کو خریدنا تھا ماں نے ان کی فہرست بنا کر دی تھی۔دوکان دار نے فہرست کے مطابق سامان دیے۔اور میتا کو کاغذ کی ایک پرچی دی۔ پرچی میں کیا لکھا گیا ہے آیئے دیکھیں:

سری کانت ورائٹی اسٹور

فہرست نمبر: 654 — تاریخ: 20.01.10

خریدار کا نام: میتا مشرا

| سیریئل نمبر: | چیزوں کا نام | مقدار | ریٹ | دام |
|---|---|---|---|---|
| 1 | ارہر کی دال | 1 کیلوگرام | 70.00 روپے | 70.00 روپے |
| 2 | سرسوں کا تیل | 1 لیٹر | لیٹر/ 65.00 روپے | 65.00 روپے |
| 3 | پیاز | 1 کیلوگرام | کیلوگرام/ 12.00 روپے | 12.00 روپے |
| 4 | آلو | 1 کیلوگرام | کیلوگرام/ 16.00 روپے | 16.00 روپے |
| 5 | دیاسلائی | ایک عدد | فی عدد/ 1.00 روپے | 1.00 روپے |
| (ایک سو چوسٹھ روپے صرف) | | | میزان کل = | 164.00 روپے |

اوپر کی فہرست کو پڑھ کر نیچے کے سوالات کا جواب لکھیے:

(i) اس نے کس دوکان سے سودا خریدا؟ ..............................

(ii) میتا نے کیا کیا چیزیں خریدیں؟ ..............................

(iii) سودے کی بابت اس نے کل کتنے روپے دیے؟ ..............................

(iv) دوکان دار نے پیاز کس ریٹ سے فروخت کیا؟

(v) سرسوں تیل کی ریٹ کتنی ہے؟

فہرست سے کیا کیا معلومات حاصل ہوتی ہیں لکھیے؟

روزمرہ کی زندگی میں روپیہ پیسہ کا حساب کتاب کرتے ہیں۔آیئے نیچے دیے گیے سوال کو حل کریں:

امیت نے ماں کے ساتھ اپنے جنم دن کے لیے 220 روپے دے کر ایک پینٹ اور 125 روپے دے کر ایک شرٹ خریدا۔اس نے دوکان دار کو 500 کا نوٹ دیا۔دوکان دار اسے کتنے روپے واپس کرے گا؟

حل:

ایک پینٹ کی قیمت = ............روپیہ

ایک شرٹ کی قیمت = ............روپیہ

کل = ............روپیہ

دوکان دار کو دیا گیا = ............روپیہ

پینٹ اور شرٹ کی قیمت = ............روپیہ

دوکان دار نے واپس کیا = ............روپیہ

## مشق

1۔ خالی جگہوں کو پر کیجیے:

(i) 4روپے = ............پیسے

(ii) 9روپے = ............پیسے

(iii) 6.35روپے = ............پیسے

(iv) 7.08روپے = ............پیسے

(v) 15.29روپے = ............پیسے

(vi) 49.70روپے = ............پیسے

2۔ روپوں میں ظاہر کیجیے:

(i) 600پیسے= ............

(ii) 990پیسے= ............

(iii) 888پیسے= ............

(iv) 1608پیسے= ............

(v) 3070پیسے= ............

(vi) 5005پیسے= ............

3۔ دونوں رقموں کو پیسوں میں تبدیل کر کے جمع کیجیے:

(i) 19.75روپے اور 50.25روپے

(ii) 26.30روپے اور 36.88روپے

(iii) 9.99روپے اور 88.87روپے

(iv) 42.09روپے اور 56.95روپے

4۔ جمع کیجیے:

| روپے | پیسے | روپے | پیسے | روپے | پیسے |
|---|---|---|---|---|---|
| 55 | 80 | 65 | 70 | 40 | 50 |
| 29 | 60 | 33 | 75 | 50 | 60 |
| .............................. | | .............................. | | .............................. | |
| .............................. | | .............................. | | .............................. | |

5۔ پیسوں میں تبدیل کر کے تفریق کیجیے:

(i) 21.20روپے کو 15.75روپے

(ii) 35.50روپے کو 27.85روپے

(ii) 99.85روپے کو 29.90روپے

(iv) 108.45روپے کو 68.60روپے

6۔ حاصل تفریق معلوم کیجیے:

| روپے | پیسے | روپے | پیسے | روپے | پیسے |
|---|---|---|---|---|---|
| 42 | 30 | 56 | 40 | 212 | 25 |
| 29 | 70 | 38 | 80 | 99 | 90 |
| .............................. | | .............................. | | .............................. | |

7۔ نیچے کچھ چیزوں کی قیمت درج ہے اسلم نے ہر ایک سے دو عدد خریدیں۔ ادھوری رسید کو پورا کیجیے۔ دکان دار کو کتنے روپے دینا ہوں گے؟

ایک کاپی کی قیمت 10 روپے

ایک قلم کی قیمت 5 روپے

ایک پنسیل کی قیمت 2 روپے

ایک ربر کی قیمت 1 روپے

ایک جیومیٹری بکس کی قیمت 40 وپے

رسید نمبر-72
خریدار کا نام: اسلم
تاریخ: 11.08.09

| دام | قیمت | مقدار | چیزوں کے نام | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |
| | | | | |

(ب) سعدین نے دکاندار سے ہر سامان میں سے ایک ایک عدد سامان خریدا اور دکاندار کو 100 روپے کا ایک نوٹ دیا۔ دکاندار سعدین کو کتنے روپے واپس کرے گا؟

سعدین نے دکاندار کو دیا = ..................روپے

سامان کی کل قیمت ہوئی = ..................روپے

دکان دار نے واپس کیا = ..................روپے

8۔ نیچے کئی سامان کی ریٹ درج ہے۔ اجمل ان میں سے ایک ایک عدد سامان خرید کر دکاندار کو 100 روپے دیے۔ وہ کتنے روپے واپس پائے گا؟ اس کی ایک رسید بنا کر دو۔

صابن = 15.75 روپے

ناریل تیل = 32.50 روپے

موم بتی = 2.50 روپے

مچھر اگربتی = 18.00 روپے

کولگیٹ پیسٹ = 27.00 روپے

9۔ (i) عبداللہ نے ڈاکخانہ سے پوسٹ کارڈ، ان لینڈ لیٹر اور لفافہ دو دو عدد خرید کر 50 روپے کا ایک نوٹ دیا۔ پوسٹ ماسٹر نے اسے کتنے روپے واپس کیے۔ اس کی ایک رسید بنائیے۔

(ii) اگر وہ 100 روپے دیتا تو پوسٹ ماسٹر اسے کتنے روپے واپس کرے گا۔

10۔ نیچے کچھ سامان کی ریٹ درج ہے۔اس کا مطلب بتائیے اور بائیں طرف کے خانہ میں لکھیے۔

| سامان | ریٹ | مطلب |
|---|---|---|
| آٹا | 16 روپے/ کیلوگرام۔ | |
| چاول | 12 روپے/ کیلوگرام۔ | |
| ریفائن تیل | 68روپے/لیٹر۔ | |
| کیلا | 25روپے/درجن | |
| ناریل | 5.50روپے/فی عدد۔ | |
| موم بتی | 20روپے/پاکٹ | |
| پیسٹ | 28روپے/100 گرام۔ | |

11۔سلمان سیفی ہوٹل گیا۔ہوٹل میں سامان کی قیمت کی فہرست لگی ہوئی تھی۔

قیمت کی فہرست

| چیز | ریٹ |
|---|---|
| بڑا | 1.50 روپے فی عدد |
| آلو چاپ | 1.00 روپے فی عدد |
| سنگھاڑا | 2.00روپے فی عدد |
| رس گلّے | 2.50روپے فی عدد |
| سبزی | 3.50روپے فی عدد |

سلمان سیفی نے 4 عدد بڑے، 2 عدد آلو چاپ، 6 عدد سنگھاڑے، 4 عدد رس گلّے، اور 2 پلیٹ سبزی خرید کر 50 روپے دیے۔اس کی ایک رسید بنائیے۔

12۔ نیچے ایک سوال کا حل دیا گیا ہے۔جس سوال کے لیے یہ حل دیا گیا ہے اسی سوال کو آپ اپنی کاپی میں لکھیے۔

ایک عدد ڈرائینگ کاپی کی قیمت = 8.50روپے

ایک عدد پنسیل کی قیمت = 2.75روپے

کل = 11.25 روپے

| | | |
|---|---|---|
| دکاندار کو لی لی نے دیا | = | 20.00 روپے |
| لی لی نے خریداری کی | = | 11.25 روپے |
| دکان دار نے واپس کیا | = | 8.75 روپے |




12۔صائمہ اور سعیدہ دو بہنیں اپنے ابو سے پیسے لے کر بیچ بیچ میں کٹی کی الگ الگ میں جمع کرتی ۔ایک دن کمپی کو توڑ کر دونوں نے روپیوں کو گنتی کیا۔صائمہ کے 87 روپے اور سعیدہ کے 126 روپے ہوئے۔اب بتائیے اور لکھیے۔

(i) دونوں نے کپی میں کل کتنے روپے جمع کیے تھے؟

(ii) سائمہ کے روپے سعدیہ کے روپے سے کتنے کم ہیں؟

13۔ایک ٹارچ کی قیمت 130 روپے۔ایک چھڑی کی قیمت ٹارچ کی قیمت سے 17 روپے کم ہے۔

(i) چھڑی کی قیمت کتنی ہے؟

(ii) دونوں کی قیمت مل کر کتنی ہوگی؟

14۔ایک پنسیل بکس کی قیمت 25.50 روپے ہے۔جیومیٹری بکس کی قیمت اس سے 19.80 روپے زیادہ ہے۔

(i) جیومیٹری بکس کی قیمت کتنی ہے؟

(ii) دونوں کی قیمت مل کر کتنی ہوگی؟

15۔ لینا اپنے بڑے بھائی کے پاس راکھی بھیجنے کے لیے ڈاکخانہ گئی۔ پوسٹ ماسٹر نے کہا کہ اس کے لیے 25 روپے دینا ہوں گے۔لیکن ڈاک خانہ میں 1 روپے، 2 روپے، 5 روپے، اور 10 روپے، کا ڈاک ٹکٹ ملتا ہے۔وہ کون سا ٹکٹ کتنا عدد خریدے تو 25 روپے کا ڈاک ٹکٹ لفافے پر لگ سکتا ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |